Date: 05-10-17
Size: 45 cm X 4col.

**IBL HealthCare**
A SEARLE Subsidiary

# IBL HealthCare Limited

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 20th Annual General Meeting of the shareholders of IBL HealthCare Limited will be held on Friday, October 27, 2017 at 06:30 p.m. at the Building Centre, 2nd Floor, Plot # 1, Tipu Sultan Road, Off Shahrah-e-Faisal, Karachi to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of Extraordinary General Meeting held on June 03, 2017.
2. To receive, consider and adopt the audited financial statements for the year ended June 30, 2017 together with the directors' and auditors' reports thereon.
3. To consider and approve final cash dividend for the financial year ended June 30, 2017, at the rate of Re.1/- per share of Rs.10/- each, equivalent to 10% as recommended by the board of directors.
4. To appoint auditors for the financial year ending June 30, 2018 and to fix their remuneration. The present auditors, A.F. Ferguson & Co., Chartered Accountants, retired, being eligible, have offered themselves for re-appointment. The board has recommended the re-appointment of A.F. Ferguson & Co., Chartered Accountants, as the auditors of the Company for the year ending June 30, 2018.

**SPECIAL BUSINESS**

**Ordinary Resolutions:**

5. To approve the issue of bonus shares in the ratio of 10 shares for every 100 shares held i.e. 10% as recommended by the board of directors, and, if thought appropriate, to pass with or without modification(s) the following resolutions as ordinary resolution:

   "**RESOLVED** that a sum of PKR 49,170,550/- out of the un-appropriated profits of the Company be capitalized and applied towards the issue of 4,917,055 ordinary shares of Rs.10/- each and allotted as fully paid bonus shares to the members who are registered in the books of the Company as at the close of business on October 20, 2017, in the proportion of ten shares for every hundred ordinary shares held and that such new shares shall rank pari passu with the existing ordinary shares but shall not be eligible for the cash dividend declared for the year ended June 30, 2017.

   **FURTHER RESOLVED** that in the event of any member becoming entitled to a fraction of a share, the Directors be and are hereby authorised to consolidate all such fractions and sell the shares so constituted on the Stock Market and to pay the proceeds of the sale when realized to a recognized charitable institution as may be selected by the Directors of the Company.

   **FURTHER RESOLVED** that the Company Secretary be and is hereby authorized to take all necessary actions on behalf of the Company for allotment and distribution of the said bonus shares as he think fit."

**OTHER BUSINESS**

6. To transact any other ordinary business of the Company with the permission of the Chair.

By order of the Board

Karachi:
October 6, 2017

**Muhammad Tariq**
Company Secretary

**Statement pursuant to Section 134(3) of the Companies Act, 2017 pertaining to the Special Business**

**Item 5**

The Directors of the Company are of the view that the Company's financial position justifies issuance of bonus shares in the ratio of ten shares for every hundred shares held.

The Directors are interested in the business to the extent of the entitlement of bonus shares as shareholders.

**NOTES:**

**A. Book closure:**

i. The share transfer books will remain closed from October 21, 2017 to October 27, 2017 (both days inclusive) for entitlement of 10% final cash dividend and 10% bonus shares. Transfers in good order, received at the office of Company's Share Registrar, Central Depository Company of Pakistan Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 by close of the business on October 20, 2017 will be treated in time for the purpose of attending the annual general meeting and entitlement of cash dividend and stock dividend.

ii. All members/shareholders are entitled to attend, speak and vote at the annual general meeting. A member/shareholder may appoint a proxy to attend, speak and vote on his/her behalf. The proxy need not be a member of the Company. Proxies in order to be effective must be received by the Company's Registered Office: 9th Floor, NIC Building, Abbasi Shaheed Road, Karachi-75530 not less than 48 hours before the meeting.

iii. In pursuance of Circular No.1. of 2000 of SECP dated January 26, 2000 the beneficial owners of the shares registered in the name of Central Depository Company (CDC) and/or their proxies are required to produce their Computerized National Identity Card (CNIC) or passport for identification purpose at the time of attending the meeting. The form of proxy must be submitted with the Company within the stipulated time, duly witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers must be mentioned on the form, along with attested copies of the CNIC or the passport of the beneficial owner and the proxy.

In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the meeting.

iv. Members are requested to intimate any changes in address immediately to Company's Share Registrar, Central Depository Company of Pakistan Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400.

**B. Payment of Cash Dividends through electronic mode:**

In accordance with the Circular No. 38 of 2016 of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) via letter No. CLD/RD/CO.516/2016-3056 dated December 02, 2016, any dividend payable in cash by listed company shall be paid only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders.

**C. Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001:**

a. Pursuant to the provisions of the Finance Act 2017 effective July 1, 2017, the rate of deduction of income tax from dividend payments has been revised as follows:

   i. Rate of tax deduction for filers of income tax return - 15%

   ii. Rate of tax deduction for non-filers of income tax return - 20%

   Shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) available on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to immediately make sure that their names are entered in ATL, otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 20% instead of 15%.

b. Withholding tax exemption from the dividend income, shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate is made available to Company's Share Registrar by the first day of book closure.

c. Further, according to clarification received from FBR, withholding tax will be determined separately on "Filer/Non-filer" status of principle shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions.

   In this regard, all shareholders who hold company's shares jointly are requested to provide shareholding proportions or principle shareholder and joint-holder(s) in respect of shares held by them (if not already provided) to Company's Share Registrar, in writing as follows:

| Company Name | Folio/CDS Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name & CNIC No. | Shareholding proportion (No.of Shares) | Name & CNIC No. | Shareholding proportion (No.of Shares) |
| | | | | | | |

   The required information must reach Company's Share Registrar within 10 days of this notice; otherwise it will be assumed that the shares are equally held by the principal shareholder and joint-holder(s).

d. The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their NTN updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders are requested to send a copy of their NTN certificate to the Company's Share Registrar. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote the company name and their respective folio numbers.

**D. Dividend Mandate (Optional):**

Under Section 242 of the Companies Act, 2017 a shareholder may, if so desires, direct the Company to pay dividend through his/her/its bank account. In pursuance of the directions given by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide circular number 18 of 2012 dated June 5, 2012, shareholders may authorize the Company for direct credit of his/her/its cash dividend in his/her/its bank account (please note that giving bank mandate for dividend payments is optional, in case shareholder do not wish to avail this facility his/her/its dividend will be paid through dividend warrant). If any shareholder wants to avail the facility of direct credit of dividend amount in his/her/its bank account, provide following information to the Company's Share Registrar, Central Depository Company of Pakistan Limited.

| Bank Account Details of Shareholder | |
|---|---|
| Title of Bank Account | |
| Bank Account Number | |
| Bank's Name | |
| Branch name and address | |
| Cell number of shareholder | |
| Landline number of shareholder, if any | |

It is stated that the above-mentioned information is correct and in case of any change therein, I/we will immediately intimate to the Company and the concerned registrar.

__________________________________________

Name, signature, folio # and CNIC number of shareholder

Notes:

(1) Those shareholders, who hold shares in book entry form in their CDS accounts, will provide the above dividend mandate information directly to their respective Participant/CDC Investor Account Services Department.

(2) If dividend mandate information has already been provided, please ignore this request.

**E. Transmission of annual financial statements through email:**

In pursuance of the directions given by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide SRO 787(1)/2014 dated September 8, 2014, those shareholders who desire to receive Annual Financial Statements in future through email, may fill the form attached to the annual report 2017 and send it back to the Company's share registrar along with a copy of CNIC.

**F. Video conference facility:**

Members can also avail video conference facility at Lahore and Islamabad. In this regard, please fill the following form and submit to registered address of the company ten days before holding of the annual general meeting.

If the company receives consent from members holding in aggregate 16% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to day of meeting, the company will arrange a video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city.

I/We, ____________________________ of ____________________ being a member of the IBL HealthCare Limited, holder of ____________________________ ordinary shares as per registered folio # ____________________________ hereby opt for video conference facility at ____________________.

____________________

Signature of Member

The company will intimate members regarding venue of video conference facility at least five days before the date of annual general meeting along with the complete information necessary to enable them to access the facility.

Date: 05-10-17
Size: 45 cm X 4col.

IBL HealthCare
A SEARLE Subsidiary

# آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا بیسواں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ ۲۷ اکتوبر ۲۰۱۷ شام ۶:۳۰ بجے بمقام بلڈنگ سینٹر، دوسری منزل، پلاٹ نمبر ۱، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

۱۔ ۳ جون ۲۰۱۷ء کو منعقد کئے گئے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۱۷ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالی حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

۳۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق ۳۰ جون ۲۰۱۷ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے ہر -/۱۰ روپے مالیت کے فی شیئر پر -/۱ روپے کی شرح، یعنی ۱۰ فیصد کے مساوی حتمی نقد منافع منقسمہ پر غور اور اس کی منظوری۔

۴۔ ۳۰ جون 2018ء کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز اے۔ ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس سبکدوش ہو رہے ہیں اور اہل ہونے کی بناء پر انہوں نے خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔ بورڈ نے اے۔ ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کو ۳۰ جون 2018ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

**خصوصی کارروائی**

**عمومی قراردادیں:**

۵۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق موجودہ ہر ۱۰۰ شیئرز کی ملکیت پر ۱۰ شیئرز کے تناسب میں یعنی ۱۰ فیصد بونس شیئرز کے اجراء کی منظوری دینا، اور اگر درست تصور کیا جائے تو مندرجہ ذیل قراردادوں کی بطور عمومی قرارداد ترمیم یا بلا ترمیم اس کی منظوری۔

"**قرار پایا** کہ کمپنی کے غیر مختص منافع جات سے -/۴۹،۱۷۰،۵۵۰ روپے کی رقم کو سرمایہ میں تبدیل کیا جائے اور فی -/۱۰ روپے مالیت کے ۴،۹۱۷،۰۵۵ عمومی شیئرز کے اجراء میں استعمال کیا جائے اور ۲۰ اکتوبر ۲۰۱۷ کو کمپنی کی کتب میں درج شدہ ممبران کو ہر ۱۰۰ عمومی شیئرز کی ملکیت پر ۱۰ شیئرز کے تناسب میں بطور مکمل ادا شدہ بونس شیئرز الاٹ کردیئے جائیں اور یہ کہ مذکورہ نئے شیئرز موجودہ شیئرز سے مساوی حیثیت کے ہوں گے۔ تاہم یہ ۳۰ جون ۲۰۱۷ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے اعلان کردہ نقد منافع منقسمہ کے لئے اہل نہ ہوں گے۔

**مزید قرار پایا** کہ ممبرز کے شیئرز کی کسر کا حق دار ہونے کی صورت میں ڈائریکٹرز کو مجاز قرار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اقرار دیا جاتا ہے کہ وہ ایسی کسر کو یکجا کریں اور اسی طرح بنائے گئے شیئرز کو اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کریں اور ان کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کو کمپنی کے ڈائریکٹرز کی جانب سے منتخب کردہ مستند فلاحی ادارے کے حوالے کریں۔

**مزید قرار پایا** کہ کمپنی سیکریٹری کو کمپنی کے توسط سے اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا دیا جاتا ہے کہ جہاں مناسب سمجھا جائے بونس شیئرز کے تعین اور تقسیم کیلئے تمام ضروری اقدامات کرے"۔

**دیگر کارروائی**

۶۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ
**محمد طارق**
کمپنی سیکریٹری

کراچی
۶ اکتوبر ۲۰۱۷ء

**کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۳۴(۳) کے تحت خصوصی کارروائی کا اسٹیٹمنٹ**

**آئٹم نمبر ۵**

کمپنی کے ڈائریکٹرز نے اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ کمپنی کی مالی حیثیت ہر موجودہ ۱۰۰ شیئرز کیلئے ۱۰ شیئرز کے تناسب سے بونس شیئرز کے اجراء کیلئے موزوں و مناسب ہے۔

ڈائریکٹرز کا اس امور میں مفاد شیئر ہولڈرز کی حیثیت سے ان کے بونس شیئرز کے استحقاق میں توسیع تک محدود ہے

**نوٹ:**

**اے۔ کتاب کی بندش:**

i) شیئر ٹرانسفر بکس ۲۱ اکتوبر ۲۰۱۷ء تا ۲۷ اکتوبر ۲۰۱۷ء (بشمول ہر دو یوم) ۱۰ فیصد حتمی نقد منافع منقسمہ اور ۱۰ فیصد بونس شیئرز کے تعین کی غرض سے بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو ہر طرح سے مکمل صورت میں ۲۰ اکتوبر ۲۰۱۷ کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو موصول ہو جائیں گے انہیں سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور نقد منافع منقسمہ کے استحقاق اور اسٹاک منافع منقسمہ کے مقصد کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

ii) تمام ممبران/شیئر ہولڈرز کو سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ کوئی بھی ممبر/شیئر ہولڈر اپنی جگہ شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کے لئے ایک پراکسی کا تقرر کرسکتا/کرسکتی ہے، پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں، مؤثر العمل ہونے کے لئے پراکسیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، نویں منزل، این آئی سی بلڈنگ، عباسی شہید روڈ، کراچی۔ ۷۵۵۳۰ میں اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائیں۔

iii) ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر ۱ بابت ۲۰۰۰ مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء کے مطابق سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) کے نام پر درج کردہ شیئرز کے بینی فیشل اونرز اور/یا ان کے پراکسیز کو اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ شناخت کیلئے بوقت شرکت اجلاس پیش کرنا ہوں گے۔ پراکسی کا فارم مقررہ وقت کے اندر لازماً جمع کرانا ہوگا جو باقاعدہ دو گواہوں کے دستخطوں کے ساتھ جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز لازماً فارم میں درج ہوں بشمول پراکسی اور بینی فیشل اونر کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول کے ساتھ ہوں۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط نامزد بوقت اجلاس پیش کرنا ہوگی۔

iv) ممبران سے درخواست ہے کہ پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک "بی"، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو فوری مطلع فرمائیں۔

**بی) الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے سرکلر نمبر ۱۸ بابت ۲۰۱۶ء بذریعہ لیٹر نمبر CLD/RD/CO.516/2016-3056 مورخہ ۲ دسمبر ۲۰۱۶ء کے مطابق لسٹڈ کمپنی کی جانب سے قابل ادائی کوئی بھی نقد منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار براہِ راست اس بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جائے گا جسے استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کیا جائے گا۔

**سی۔ انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ء کی دفعہ ۱۵۰ کے تحت منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

اے) فنانس ایکٹ ۲۰۱۷، نافذ العمل مورخہ یکم جولائی ۲۰۱۷ء کی شقوں کے مطابق منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح میں درج ذیل کے مطابق نظر ثانی کی گئی ہے:

i۔ انکم ٹیکس گوشوارے کے فائلرز کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح ۔ ۱۵ فیصد
ii۔ انکم ٹیکس گوشوارے کے نان فائلرز کیلئے ٹیکس کٹوتی کی شرح ۔ ۲۰ فیصد

وہ شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹو ٹیکس۔ پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہیں ہیں، باوجود اس حقیقت کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے ناموں کی اے ٹی ایل پر موجودگی کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ سے ٹیکس کی کٹوتی ۱۵ فیصد کے بجائے ۲۰ فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

بی) منافع منقسمہ کی آمدنی سے ود ہولڈنگ ٹیکس کے استثنیٰ کی اجازت صرف اس صورت دی جائے گی اگر ٹیکس سے استثنیٰ کے کارآمد سرٹیفکیٹ کی کاپی کتاب کی بندش کے پہلے روز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردی گئی۔

سی) مزید برآں ایف بی آر سے موصولہ وضاحت کے مطابق ود ہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر نیز جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی حیثیت سے "فائلر/نان فائلر" ان کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر الگ الگ کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جو کمپنی کے شیئرز مشترکہ طور پر رکھتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی شیئر ہولڈنگ کا تناسب ان کے پاس موجود شیئرز کے سلسلے میں درج ذیل کے مطابق تحریری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے)۔

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |

مطلوبہ معلومات لازمی طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو نوٹس ہٰذا کے ۱۰ دنوں کے اندر موصول ہو جائیں بصورتِ دیگر یہ تصور کرلیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کے پاس موجود شیئرز یکساں تعداد میں ہیں۔

ڈی) سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے ساتھ اپنے این ٹی این کو اپ ڈیٹ کریں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ شیئر ہولڈرز این ٹی این نمبر یا این ٹی این سرٹیفکیٹ، جیسی بھی صورت ہو، ارسال کرتے ہوئے کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز لازمی طور پر درج کریں۔

**ڈی۔ منافع منقسمہ کا مینڈیٹ (اختیاری):**

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۲۴۲ کے تحت کوئی بھی شیئر ہولڈر، اگر وہ چاہے تو، کمپنی کو اپنا منافع منقسمہ براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ کے ذریعے ادا کرنے کی ہدایت دے سکتا/سکتی ہے۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے سرکلر نمبر ۱۸ بابت ۲۰۱۲ مورخہ ۵ جون ۲۰۱۲ء کے تحت دی گئی ہدایات کے مطابق شیئر ہولڈرز کمپنی کو یہ اختیار دے سکتے ہیں کہ وہ ان کا نقد منافع منقسمہ براہِ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرادے (برائے مہربانی آگاہ رہیں کہ منافع منقسمہ کی ادائیگیوں کیلئے بینک مینڈیٹ اختیاری ہے، ایسی صورت میں کہ اگر شیئر ہولڈر یہ سہولت حاصل کرنے کا/کی خواہشمند نہ ہو تو اسے منافع منقسمہ کے وارنٹ کے ذریعے ادائیگی کی جائے گی)۔ اگر کوئی شیئر ہولڈر اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست منافع منقسمہ کی رقم جمع کرانے کا/کی خواہشمند ہو تو اسے مندرجہ ذیل معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو فراہم کرنا ہوں گی۔

| شیئر ہولڈرز کے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات | |
|---|---|
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل | |
| بینک اکاؤنٹ نمبر | |
| بینک کا نام | |
| برانچ کا نام اور پتہ | |
| شیئر ہولڈر کا موبائل نمبر | |
| شیئر ہولڈر کا لینڈ لائن نمبر، اگر کوئی ہو | |

بیان کیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا معلومات درست ہیں اور اس میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فور طور پر میری/ہماری جانب سے کمپنی اور متعلقہ رجسٹرار کو آگاہ کردیا جائے گا۔

شیئر ہولڈر کا نام، دستخط، فولیو نمبر اور سی این آئی سی نمبر

نوٹ: ۱۔ وہ شیئر ہولڈرز جو سی ڈی ایس اکاؤنٹس میں بک انٹری فارم کی شکل میں شیئرز رکھتے ہیں انہیں مذکورہ بالا منافع منقسمہ مینڈیٹ کے بارے میں معلومات براہِ راست اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز ڈپارٹمنٹ کو فراہم کرنا ہوں گی۔

۲۔ اگر منافع منقسمہ کے مینڈیٹ کے بارے میں معلومات پہلے ہی فراہم کردی گئی ہیں تو براہِ مہربانی اس درخواست کو نظر انداز کردیں۔

**ای۔ سالانہ مالیاتی حسابات کی بذریعہ ای میل ترسیل:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے ایس آر او ۷۸۷(۱)۲۰۱۴ء مورخہ ۸ ستمبر ۲۰۱۴ء کے ذریعے دی گئی ہدایات کے مطابق وہ شیئر ہولڈرز جو سالانہ مالیاتی حسابات آئندہ بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، سالانہ رپورٹ ۲۰۱۷ء کے ساتھ منسلکہ فارم کو پُر کریں اور اسے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے سی این آئی سی کی ایک کاپی کے ہمراہ واپس ارسال کردیں۔

**ایف۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت:**

ممبران لاہور اور اسلام آباد میں وڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں برائے مہربانی درج ذیل فارم کو بھریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے ۱۰ روز پہلے جمع کرادیں۔

اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اطلاع اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۱۰ روز پہلے موصول ہوگئی تو کمپنی وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام اس شہر میں کردے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

میں/ہم ______________ سکنہ ______________ بحیثیت ممبر آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کے ایک ممبر حامل ______________
عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر ______________ بذریعہ ہٰذا بمقام ______________
وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔

______________
ممبر کے دستخط

کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل اس سہولت تک ان کی رسائی کے بارے میں مکمل تفصیلات کے ساتھ آگاہ کردے گی۔